## برتری کو ترک کرنے کا اعلان اور دعا

اے باپ! میں آپ کا شکر کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے حیرت انگیز طریق سے بنایا ہے۔ اسلئے کہ یہ آپ ہیں جنہوں نے مجھے خلق کیا ہے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ مجھ سے محبت رکھتے ہیں اور مجھے اپنا کہتے ہیں۔ میں اس بات کیلئے بھی شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے خداوند یسوع کے پیچھے چلنے کا شرف بخشا ہے۔

مجھے احساسِ برتری پانے کی خواہش کیلئے معاف فرما۔ میں ایسی خواہشات کو سختی سے مسترد کرتا ہوں اور انہیں ترک کرتا ہوں۔ میں خود کو دوسروں سے بہتر سمجھنے سے انکار کرتا ہوں۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ میں ہر دوسرے انسان کی طرح گنہگار ہوں اور میں آپ کے بغیر کچھ نہیں کر سکتا۔

میں کسی بھی افضل جماعت یا پسِ منظر کے شخص سے الحاق کیلئے توبہ کرتا ہوں اور ان کو مسترد کرتا ہوں۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ تمام لوگ میری نظر میں برابر ہیں۔

میں نے دوسروں کیلئے جو حقارت کے الفاظ کہے ہیں یا انہیں مسترد کیا ہے ان کیلئے توبہ کرتا ہوں۔ ان تمام باتوں کیلئے میں آپ سے معافی چاہتا ہوں۔

میں لوگوں کو ان کی نسل، جنس، انکی دولت اور ان کی تعلیم کیلئے ادنیٰ سمجھنے کے خیال کو ترک کرتا ہوں۔

میں اعتراف کرتا ہوں کہ یہ صرف خدا کا فضل ہے کہ میں آپ کی حضوری میں کھڑا ہو سکتا ہوں۔ میں انسانی عیب جوئی سے خود کو الگ کرتا ہوں اور اپنی نجات کیلئے صرف آپ سے رجوع کرتا ہوں۔

میں خصوصی طور پر اسلامی تعلیم کو کہ پرہیزگار دوسروں سے برتر ہیں، ترک کرتا ہوں اور اس بات سے بھی کہ اسلام ہی لوگوں کو کامرانی دیتا ہے اور یہ کہ مسلمان، غیر مسلموں سے بہتر ہیں۔

میں اسلام کے اس دعوے کو بھی مسترد اور ترک کرتا ہوں کہ مرد عورتوں سے برتر یا بہتر ہیں۔

اے آسمانی باپ! میں اپنے جھوٹے احساسِ برتری سے توبہ کرتا ہوں۔ اسکے بدلے میں خدمت کرنے کا فیصلہ کرتا ہوں۔

اے خداوند، میں دوسروں کی کامیابی پر شادمان ہونے کا فیصلہ کرتا ہوں۔ میں ہر قسم کے حسد اور رقابت کو ترک کرتا ہوں۔

اے خداوند! مجھے عمدہ اور درست فیصلہ کرنے کی قوت عنایت فرما تا کہ میں جانوں کہ میں تجھ میں کیا ہوں۔ مجھے سچائی کی راہ پر لے چل تا کہ میں جانوں کہ آپ مجھے کیسے دیکھتے ہیں۔ جیسے بھی تو نے مجھے خلق کیا ہے اس میں ایک قناعت پسند انسان بنوں۔

آمین۔